© rasailojaraid.com

کو امداد فراہم کرنے میں باہم تعاون پر غور و فکر کیا جائے۔ جولائی ۱۹۹۵ء کے آغاز میں کیتھولک، پروٹسٹنٹ اور آرتھوڈکس مسیحی ایجنسیوں کے نمائندوں اور انٹر نیشنل اسلامک ریلیف آرگنائزیشن کے رہنماؤں کا پہلا اجلاس زغرب (کروشیا) میں ہوا۔ ویٹی کن کے امدادی کاموں میں رابطہ قائم کرنے والی "پاپائی کونسل" کور اُونم (Cor Unum) کے انڈر سیکرٹری کیرل کیس ٹِیل نے کہا کہ بلقان میں جنگ آزما فریقوں کو اُن کے مذہب کے حوالے سے پہچانا جاسکتا ہے، مگر جنگ وجدال میں تیزی سیاست دانوں اور اُن کے پروگراموں کی وجہ سے ہے، مذہب اس کے ذمہ دار نہیں ہیں۔ ۱۹ جولائی کو "کیتھولک نیوز ایجنسی" سے باتیں کرتے ہوئے جناب کیس ٹِیل نے کہا کہ "جہاں بعض سیاسی رہنما اِس انداز کا تعاون پسند نہیں کرتے، بھلائی چاہنے والے سب ہی لوگ اِس کے حق میں ہیں۔ ہم دُنیا کو بتانا چاہتے ہیں کہ ہم آپس میں امن وامان سے رہ سکتے ہیں۔"

ویٹی کن کے ذمہ دار فرد نے کہا کہ "رفاعی مسلم تنظیم نے اجلاس میں آکر واقعی جرأت کا مظاہرہ کیا ہے جب کہ زیادہ تر مسلم دُنیا اور بالخصوص بوسنیا کے مسلمان محسوس کرتے ہیں کہ مغربی دُنیا کو اس سے کوئی دلچسپی نہیں کہ اُن پر کیا بیت رہی ہے۔" جناب کیس ٹِیل نے مزید بتایا کہ مسلمان، کیتھولک اور پروٹسٹنٹ تنظیمیں پہلے سے ایک دوسرے کے ساتھ وہ ہنگامی امداد اور اشیائے خوراک تقسیم کرنے میں تعاون کر رہی ہیں، جو اقوام متحدہ جنگ سے تباہ حال بوسنیا ہرزے گووینا میں پہنچانے میں کامیاب ہوجاتی ہے۔ "اُنھوں نے مزید بتایا کہ جولائی کے اجلاس میں "اس امر پر غور کیا گیا ہے کہ ہم بوسنیا میں کیا خدمات انجام دے سکتے ہیں، لیکن اِس کے ساتھ اِس پہلو پر بھی سوچا گیا کہ "دُنیا کے دوسرے ملکوں میں، جہاں مسیحیت اور اسلام کے پیروکار ہیں، ہم مل جُل کر کیا کرسکتے ہیں۔" ہمارا کوئی سیاسی ایجنڈا نہیں ہے۔ ہم صرف اِس وقت ہی باہم تعاون نہیں کرنا چاہتے بلکہ مستقبل میں بھی اعتماد اور دوستی کی تعمیر و ترقی میں پہلو بہ پہلو کام کرنے کے خواہش مند ہیں۔"

اگرچہ جولائی کے اجلاس میں تفصیلات طے نہیں کی جاسکیں، مگر شرکائے اجلاس نے فیصلہ کیا کہ اُن کا پہلا پروجیکٹ جنوب مغربی بوسنیا ہرزے گووینا کے شہر مُسطار میں شروع کیا جائے گا۔ یہ شہر جنگ میں بُری طرح متاثر ہوا ہے۔ مُسطار کا انتخاب اس لیے کیا گیا ہے کہ یہ شہر مسیحی - مسلم پُرامن بقائے باہمی کی طویل تاریخ کا مالک ہے۔ مسیحی - مسلم امدادی تنظیمیں اپنا آئندہ اجلاس اِس ماہ (یعنی اکتوبر میں) مراکش میں کسی وقت منعقد کریں گی تاکہ مُسطار پروجیکٹ کی تفصیلات طے کی جائیں اور اگر کہیں اور مل جُل کر کام کیا جاسکتا ہے تو اِس پر بھی غور کیا جائے۔ ("دی کرسچن وائس" - کراچی، ۲۷ اگست ۱۹۹۵ء)



© rasailojaraid.com